131621- بیٹی کے مہر سے اشیاء کی فہرست سے دستبردار ہونا سستی و کاہلی تو نہیں کہلاتا

سوال

میں مساجد میں درس دیتا اور لوگوں کو تبلیغ دین کا کام کرتا ہوں، اکثر مساجد میں شادی اور مہر میں آسانی کرنے کے متعلق بات کی، اب ایک نوجوان جو دینی اور اخلاقی اعتبار سے سلیم ہے نے میری بیٹی کا رشتہ مانگا تو میں نے اللہ سے اجروثواب کی نیت کرتے ہوئے اس سے بیٹی کا نکاح کر دیا، اس نوجوان نے مجھے بھی منقولات کی فہرست لکھنے کا کہا، لوگوں کی عادت ہے کہ ان منقولات میں بہت زیادتی کرتے ہیں جن اشیاء کی بنا پر اکثر نوجوان شادی نہیں کر پاتے.

چنانچہ میں نے فہرست لکھتے ہوئے کہا: میں کسی بھی چیز کی تحدید نہیں کرتا، اور اس میں درج ذیل آیت کریمہ لکھ دی: اللہ کا فرمان ہے:

.{تو اگر تم میں سے کوئی کسی پر اعتماد کرے تو وہ جس کے پاس امانت رکھی گئی ہے وہ اس کی امانت کو واپس کر دے، اور اللہ تعالی جو کہ اس کا پروردگار ہے سے ڈرے اور اس کا تقوی اختیار کرے، اور تم گواہی مت چھپاؤ، اور جو کوئی بھی گواہی چھپائیگا تو اس کا دل گنہگار ہے، اور جو بھی تم عمل کر رہے ہو اللہ تعالی ان کا خوب علم رکھنے والا ہے}.

میرے پیارے بیٹے میں نے تمہیں اپنی بیٹی کا امتدار بنایا ہے، تو کیا تم اس کے گھر کی امانت نہیں رکھو گے، اللہ سبحانہ و تعالی سے میری دعا ہے کہ تمہارے مابین دائمی محبت و مودت اور رحمت پیدا فرمائے، اور تم دونوں کو بھلائی و خیر میں جمع رکھے.

میرا بھائی مجھے کہنے لگا: تم نے اپنی بیٹی کے حق میں کوتاہی سے کام لیا ہے، تو کیا میں نے جو کچھ کیا ہے وہ واقعی بیٹی کے حق میں کوتاہی ہے؟

پسندیدہ جواب

سوال نمبر (12572) کے جواب میں بیان ہو چکا ہے کہ شریعت مطہرہ مہر میں آسانی و تخفیف لائی ہے، اور اسی میں خاوند اور بیوی دونوں کی مصلحت و فائدہ پایا جاتا ہے.

جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ وعلیہ وسلم کا فرمان ہے:

"سب سے بہتر نکاح آسانی والا نکاح ہے"

اسے ابن حبان نے روایت کیا اور علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح الجامع حدیث نمبر (3300) میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

اور ایک دوسری روایت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"سب سے بابرکت وہ عورت ہے جس خرچ کے اعتبار سے آسان ہو"

مسند احمد حدیث نمبر (24595) اسے حاکم نے صحیح قرار دیا اور امام ذہبی نے اس کی تصدیق کی ہے، اور عراقی "تخریج احادیث الاحیاء" میں اس کی سند کو جید قرار دیتے ہیں.

آپ نے معاملات میں آسانی پیدا کرنے کی دعوت دے کر بہت اچھا کام کیا ہے، اور آپ نے اپنی بیٹی کے ساتھ جو سلوک کیا وہ بھی بہت اچھا ہے، اللہ سبحانہ وتعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کے لیے اجروثواب اور آپ کی بیٹی کے لیے سعادت و خوشبختی اور توفیق لکھ دے.

اور مہر بیوی کا حق ہے اور اسے حق ہے کہ مہر سے جو بھی چاہے اس سے دستبردار ہو سکتی ہے، جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{اور تم عورتوں کو ان کے مہر خوشدلی کے ساتھ دو اور اگر وہ اس میں سے اپنی خوشی سے کچھ ہبہ کر دیں تو تم اسے خوشدلی کے ساتھ کھاؤ}.النساء (4).

اور جب عورت شروع میں ہی اپنے گھر والوں کی راہنمائی کی بنا پر مہر میں تخفیف کر دے تو وہ بہت اچھا کام کرتی ہے.

آپ کا یہ فعل سستی وکوتاہی شمار نہیں کیا جائیگا اور آپ کو اس پر نادم نہیں ہونا چاہیے، آپ نے اللہ سبحانہ وتعالی سے اجروثواب چاہا ہے، اور معاملہ بالکل ایسا ہی ہے جیسا آپ نے اشارہ بھی کر دیا، کہ مہر مقید کرنے سے نہیں، بلکہ اعتبار تو خاوند کی اصلاح کا ہے، اس لیے اگر خاوند نیک و صالح ہو تو پھر مہر تھوڑا ہونے کا کوئی نقصان نہیں، اور اگر خاوند ہی صحیح نہ ہو تو پھر جتنا بھی مہر زیادہ ہو اسے روک نہیں سکتا.

آپ معاملہ اللہ تعالی کے سپرد کرتے ہوئے اللہ کے ساتھ حسن ظن رکھیں، کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی اپنے نیک و صالح بندوں کی حفاظت فرماتا، اور اپنے نیک عمل کرنے والے اپنے اولیاء کی تکریم فرماتا ہے.

اور نیک و صالح اور اولیاء کی بہتر زندگی کی ضمانت دیتے ہوئے بہتر بدلہ دینے کا وعدہ کر رکھا ہے جیسا کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے :

.{جس کسی نے بھی نیک و صالح عمل کیے چاہے وہ مرد ہو یا عورت اور وہ مومن ہو، تو ہم اسے اچھی زندگی دیں گے، اور جو وہ عمل کرتے رہے ان کا بہتر بدلہ اور اجر دیں گے}.النحل (97).

اور ایک دوسرے مقام پر ارشاد باری تعالی ہے :

اور جو کوئی بھی اللہ کا تقوی اختیار کرتا ہے اللہ تعالی اس کے لیے نکلنے کی راہ بنا دیتا ہے، اور اسے روزی بھی وہاں سے دیتا ہے جہاں سے اس کا وہم وگمان بھی نہیں ہوتا، اور جو کوئی اللہ پر توکل کرے تو اللہ عالی اس کے لیے کافی ہو جاتا ہے، یقینا اللہ تعالی اپنا کام پورا کر کے رہے گا، یقینا اللہ تعالی نے ہر چیز کے لیے ایک اندازہ مقرر کر رکھا ہے الطلاق (32).

آپ کے لیے پہلے نیک و صالح لوگ جنہوں نے شادی میں آسانی پیدا کیں بہترین نمونہ ہیں، ان میں کچھ تو ایسے بھی تھے جنہوں نے اپنی بیٹی کو تیار کر کے خاوند کے لیے پیش کر دیا اور شادی کے معاملہ میں خاوند پر کوئی بھی بوجھ نہیں ڈالا.

ہماری اللہ سبحانہ وتعالی سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اور آپ کو توفیق سے نوازے اور ثابت قدم رکھے.

واللہ اعلم.